مطبوعات

صدق روزہ اخبار، زیر ادارت مولنا عبد الماجد دریا بادی۔ مقام اشاعت لکھنؤ۔ چندہ سالانہ للعہ ششماہی (عہ/ا)۔

یہ "سچ" کا دوسرا جنم ہے۔ معنوی خصوصیات وہی ہیں، صورت بھی وہی ہے۔ صرف نام بدلا ہوا ہے۔ مولانا عبد الماجد کے انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن کی خدمت میں مشغول ہو جانے کی وجہ سے "سچ" بند ہو گیا تھا۔ صداقت پرستوں کو اندیشہ تھا کہ "سچ" کا بند ہونا کہیں جھوٹ کے فروغ کا سبب نہ بن جائے۔ اس لیے کہ سچ جاری ہو یا بند ہو جائے مگر جھوٹ برابر اپنا کام کیے جا رہا ہے۔ الحمد للہ کہ صدق کے اجرا نے اس اندیشے کو رفع کر دیا۔ جو لوگ مولنا عبد الماجد صاحب کی تحریروں کے لذت آشنا ہیں، اور سچ کے مطالعہ سے فیضیاب ہو چکے ہیں، ان کے لیے تو صرف یہی اطلاع کافی ہے کہ "سچ" اب "صدق" کے نام سے پھر نکل آیا ہے۔ مگر جو لوگ ابھی تک اس فیض سے محروم رہے ہیں، ان کو ہم مشورہ دیں گے کہ "صدق" کا ضرور مطالعہ کریں۔ درحقیقت یہ تمام ہندوستان میں اپنی شان کا ایک ہی اخبار ہے، اور اس کا مطالعہ جدید تعلیم یافتہ "صاحبوں" اور پرانے طرز کے "مولویوں" کے لیے یکساں مفید ہے

دی ٹرتھ ہفتہ وار۔ زیر ادارت فضل کریم خان درانی و سید محمد شاہ۔ مقام اشاعت لاہور۔ چندہ سالانہ للعہ

مجلس تبلیغ القرآن، لاہور کی جانب سے یہ انگریزی اخبار حال میں جاری ہوا ہے۔ سلامت روی اور اعتدال کے ساتھ اسلامی خیالات کی اشاعت، اور مسلمانوں کے قومی مفاد کی حمایت کر رہا ہے۔ انگریزی زبان میں اس قسم کے پرچوں کی مسلمانوں کو بڑی ضرورت ہے۔ الحمد للہ کہ اب اس کمی کو پورا کرنے کے لیے کامیاب کوششیں شروع ہو گئی ہیں۔ جہاں اردو میں "صدق" ہے وہاں انگریزی میں "ٹرتھ" بھی ہے۔

قانون ماہوار رسالہ۔ زیر ادارت حاجی رحیم بخش صاحب وکیل و دیگر حضرات۔ مقام اشاعت لاہور۔ چندہ سالانہ (ہے)۔